A

610

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

അർധവാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2019 - 20

ക്ലാസ് : 6 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ആറാമത്തെ പ്രവർത്തനത്തിന് നിർബന്ധമായും ഉത്തരം എഴുതിയിരിക്കണം.

سرگرمی ۱

آم ہمارا قومی پھل ہے۔ قومی پھل کی طرح دیس میں قومی پرندہ، قومی کھیل وغیرہ بھی ہیں۔

خانے کے الفاظ کی مدد سے نیچے دیے جملے پورا کیجیے۔

آم، مور، کنول، ہاکی

A ہندوستان کا قومی کھیل .... ہے۔

B ہندوستان کا قومی پرندہ .... ہے۔

C بچو، قومی پھل آم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۲

اونم کے دن سیما سہیلیوں کے ساتھ گراموتسو (ഗ്രാമോത്സവം) کے میدان میں پہنچی۔

وہاں گیت کا مقابلہ چل رہا تھا۔ بچے گیت گا رہے تھے۔

رم جھم رم جھم برس رہا ہے　　چھم چھم چھم چھم ٹپک رہا ہے
زور سے بادل گرج رہا ہے　　پانی ہر سو برس رہا ہے
پیڑ اور پودے جھوم رہے ہیں　　ایک دوجے کو چوم رہے ہیں
مینڈک ٹر ٹر بول رہے ہیں　　سناٹے کو کھول رہے ہیں
بچے کشتی بنا رہے ہیں　　پانی میں وہ بہا رہے ہیں

بچّو، اشعار غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A بچّے بارش میں کیا بنا رہے ہیں؟

(ٹوپی، کشتی، بستہ)

B ان اشعار سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

C اشعار میں شاعر بارش کے بارے میں کیا کہہ رہے ہیں۔ بارش کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۳

گراموتسو میں گاؤں کے سارے لوگ آئے تھے۔ ایک طرف 'پوکلم' کا مقابلہ چل رہا ہے۔ دوسری طرف 'تروواترا کلی' ....

بچّو، اونم کی طرح ہم اور بھی کئی تہوار مناتے ہیں۔ آپ کتنے تہواروں کے نام جانتے ہیں؟

A چار تہواروں کے نام لکھیے۔

B اشاروں کی مدد سے پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

اشارے	:	نئے نئے کپڑے، مزیدار کھانا، رشتہ دار، خوشی منانا

سرگرمی ۴

شام کو سیما گھر لوٹ رہی تھی۔ راستے میں پھل اور ترکاریوں کی دکان دیکھی۔

A بچّو، نیچے چند پھل اور ترکاریوں کے نام ہیں۔ ان کو مناسب خانوں میں لکھیے۔



(سیب، ٹماٹر، انگور، بیگن، کیلا، بھنڈی، آم، گاجر)

پھل	ترکاری

B پسندیدہ ایک ترکاری کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

سرگرمی ۵

ترکاریوں کی تھیلی لے کر سیما خوشی سے گھر پہنچی۔ سیما کو دیکھ کر داداجان نے پوچھا۔

دادا جان : کہاں سے آ رہی ہو بیٹی؟

سیما : ....

بچّو، دادا جان اور سیما کے درمیان ہونے والی گفتگو کو آگے بڑھایئے۔

سرگرمی ٦

رات کا کھانا کھا کر سیما ایک کہانی پڑھنے لگی۔

نیتو انبالہ گاؤں میں رہتی تھی۔ اس کے ماں باپ محنتی کسان تھے۔ نیتو کے گھر کے پاس ایک تالاب تھا۔ وہ روزانہ تالاب کے پاس جاتی تھی۔ ایک دن اس نے تالاب میں ایک مینڈک کو دیکھا۔ بڑے مینڈک کو دیکھ کر وہ بہت خوش ہوگئی۔

وہ اس سے باتیں کرنے لگی۔ ....

بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A نیتو کے گاؤں کا نام کیا ہے؟

B نیتو کے ماں باپ کون تھے؟

C نیتو روزانہ کہاں جاتی تھی؟

D نیتو کیوں خوش ہوگئی؟